باقاعدہ تصدیق شدہ ABC Certified بلوچستان کا کثیر الاشاعت اخبار

روزنامہ رژن تربت
Daily RUZN Turbat

چیف ایڈیٹر: شکیل احمد

جلد نمبر 20 | منگل 11 اگست 2026ء 27 صفر 1448ھ | قیمت 05 روپے | شمارہ نمبر 63

وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی کاوشوں سے دنیا بھر میں پاکستان کا پرچم بلند ہو رہا ہے، احسن اقبال

تاریخی مکہ مشترکہ معاہدے نے دشمنوں کی نیندیں اڑا دی ہیں، دشمن ملک کے میڈیا میں اس پیش رفت پر ماتم برپا ہے

ملک کو اس وقت امن اور سیاسی استحکام کی ضرورت ہے، عوام فساد اور انتشار پھیلانے والے عناصر کے عزائم کو پہچانیں، جلسے سے خطاب

نارووال (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی کاوشوں سے دنیا بھر میں پاکستان کا پرچم بلند ہو رہا ہے، جبکہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان ہونے والے تاریخی مکہ مشترکہ معاہدے نے دشمنوں کی نیندیں اڑا دی ہیں اور دشمن ملک کے میڈیا میں اس پیش رفت پر ماتم برپا ہے۔ نڈالہ سلہریاں میں جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایک طرف پاکستان کو تاریخی کامیابیاں حاصل ہو رہی ہیں تو دوسری جانب ملک میں اچانک شور، انتشار، دھرنوں اور لانگ مارچ کی باتیں کی جا رہی ہیں، جو تشویشناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو اس وقت امن اور سیاسی استحکام کی ضرورت ہے تاکہ سیکورٹی ادارے پوری توجہ کے ساتھ دہشت گردی کے خاتمے اور قومی سلامتی کے لیے کام کر سکیں۔ ہندوستان روایتی جنگ میں ناکامی کے بعد غیر روایتی طریقوں سے پاکستان کو کمزور کرنے کی کوشش کر رہا ہے اور دہشت گردی و اندرونی انتشار کے ذریعے ملک کو عدم استحکام سے دوچار کرنا چاہتا ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ ملک میں فساد اور انتشار پھیلانے والے عناصر کے عزائم [illegible]

وزیراعظم کا ملائیشیا کے ہم منصب انور ابراہیم کی صحت یابی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ملائیشیا کے وزیراعظم انور ابراہیم کی صحت یابی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ پیر کو ایکس پر جاری پیغام میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ وہ اپنے عزیز بھائی وزیراعظم انور ابراہیم کے علاج معالجے کے دوران ان کی جلد صحت یابی کے خواہاں ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستانی [illegible]

کوئٹہ، 218 لیویز اہلکاروں کو بلوچستان کانسٹیلری کے سی پیک ونگ میں رپورٹ کرنے کا حکم

پانچ روز کے اندر آمد یقینی نہ بنانے والوں کے خلاف برخاستگی سمیت سخت محکمانہ کارروائی ہوگی، بلوچستان کانسٹیلری

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کانسٹیلری کی جانب سے 218 لیویز اہلکاروں کو سی پیک ونگ میں اپنی آمد یقینی بنانے کے احکامات جاری کر دیے گئے ہیں۔ بلوچستان کانسٹیلری کے جاری کردہ بیان کے مطابق حکام بالا کی ہدایات کی روشنی میں مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے 218 لیویز جوانوں کو بلوچستان کانسٹیلری کے سی پیک ونگ میں رپورٹ کرنا ہوگا جاری بیان میں تمام متعلقہ لیویز اہلکاروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ احکامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے پانچ روز کے اندر اندر بلوچستان کانسٹیلری کے متعلقہ دفتر اور مقررہ یونٹ میں اپنی آمد یقینی بنائیں۔ حکام کو [illegible] سے واضح [illegible] کیا جائے گا۔

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر نوابزادہ طارق خان مگسی ملاقات کر رہے ہیں

پنجگور میں سیکورٹی فورسز کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن 5 دہشتگرد ہلاک

4 موٹر سائیکلیں، مشین گنز اور بھاری اسلحہ و گولہ بارود برآمد، سیکورٹی فورسز بلوچستان سے فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے ناسور کے مکمل خاتمہ کیلئے پرعزم ہیں، آئی ایس پی آر

سیکیورٹی فورسز کے بہادر جوان قوم کا سرمایہ افتخار ہیں، وفاقی وزیر داخلہ کی کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سیکورٹی فورسز کی تعریف

راولپنڈی (جی این ایم) سیکورٹی فورسز کی جانب سے آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف موثر اور کامیاب کارروائیوں کے دوران پنجگور کے علاقے سرکینی، چھیدگی میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا جس کے دوران فتنہ الہندوستان کے اہم سرغنہ وزیر ولد جمال سمیت 5 دہشت گرد جہنم واصل ہو گئے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق آپریشن کے دوران دہشت گردوں کے قبضے سے 4 موٹر سائیکلیں، مشین گنز اور بھاری اسلحہ و گولہ بارود برآمد کیا گیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ہلاک دہشت گرد پنجگور میں مقامی تاجروں اور دیگر شہریوں سے لوٹ مار، بھتہ خوری، اغوا اور دہشت گردانہ کارروائی میں ملوث تھے، علاقے میں فتنہ الہندوستان کے ممکنہ دیگر دہشت گردوں کے [illegible] خاتمے کیلئے [illegible] آپریشن

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے جمہوریہ قازقستان کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

ن لیگ دو تہائی اکثریت سے آزاد کشمیر میں حکومت بنائیگی، رانا ثنا اللہ

احتجاج کرنے والے الیکشن نہیں روک سکے، منتخب حکومت جائز مطالبات پر ضرور نظر ثانی کرے گی، آزاد کشمیر کے عوام کو ورغلانے والوں کو قانون کا سامنا کرنا پڑے گا

پیپلز پارٹی کے دوست آج اور کل بھی دھاندلی کے الزامات لگاتے رہے، ثبوت نہیں دے سکے، ایک حلقے میں 3 پولنگ سٹیشنز پر پولنگ روکنے کی کوشش کی گئی، پریس کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ ن دو تہائی اکثریت سے آزاد کشمیر میں حکومت بنائے گی، دھرنا دینے والے آزاد کشمیر میں الیکشن نہیں روک سکے، دشمن کے ہاتھوں میں کھیلنے والوں کو قانون کا سامنا کرنا پڑے گا۔ وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ دھرنا کرنے والوں کو معلوم ہو جانا چاہیے کہ وہ الیکشن نہیں روک سکے، منتخب حکومت جائز مطالبات پر ضرور نظر ثانی کرے گی، آزاد کشمیر کے عوام کو ورغلانے والوں کو قانون کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایک حلقے میں 3 پولنگ سٹیشنز پر پولنگ روکنے کی کوشش کی گئی، اپنی ہار کو دھاندلی کے ذریعے بدلنے کی کوشش کی جا رہی ہے، کہا کہ ایک رکن شہید ہوا لیکن وہ دل کے مرض کی وجہ سے وفات پایا۔ ان کا کہنا تھا کہ مسلم لیگ ن بھاری اکثریت سے آزاد کشمیر میں حکومت بنائے گی، پیپلز پارٹی کے [illegible] اور کل بھی [illegible]

وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سے صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی اور سیاسی رہنماؤں کی ملاقاتیں

ملاقاتوں کے دوران صوبے کی سیاسی و انتظامی صورتحال، ترقیاتی امور اور امن و امان پر تبادلہ خیال، صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں اور عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات کو مزید موثر بنانے پر اتفاق

بلوچستان کی ترقی، عوامی مسائل کا حل اور صوبے میں پائیدار امن کا قیام حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، صوبے کی ترقی و عوام کی خوشحالی کا سفر جاری رکھیں گے، گفتگو

کوئٹہ (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پیر کے روز یہاں صوبائی وزراء، اراکین صوبائی اسمبلی، سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں اور دیگر اہم شخصیات نے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں۔ ملاقات کرنے والوں میں صوبائی وزراء میر ضیاء لانگو، میر عاصم کرد گیلو اور نوابزادہ میر طارق مگسی، قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری، اراکین صوبائی اسمبلی میر زابد ریکی، رحمت صالح بلوچ اور ڈاکٹر محمد نواز کبزئی، پارلیمانی سیکرٹری میر عبدالصمد گورگیج اور اصغر ترین، پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سردار عمر گورگیج، جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع، جرمنی کے اعزازی قونصل میر مراد بلوچ، سابق ضلع ناظم سبی میر حیر بیار خان ڈومکی شامل تھے۔ ملاقاتوں کے دوران صوبے کی مجموعی سیاسی و انتظامی صورتحال، عوامی مسائل، ترقیاتی امور اور مختلف اہم معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں [illegible] عوامی فلاح و بہبود کے [illegible]

کوئٹہ، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے امریکہ کے ناظم الامور نائلی بیکر ملاقات کر رہی ہیں

فیس لیس ان لینڈ ریونیو نظام کا پہلا مرحلہ یکم اکتوبر سے فعال ہوگا

وزیراعظم

فیس لیس ان لینڈ ریونیو نظام کا پہلا مرحلہ یکم اکتوبر 2026 سے فعال ہوگا۔ اے آئی اور جدید ٹیکنالوجی پر مبنی فیس لیس نظام ایف بی آر کی حالیہ ڈیجیٹائزیشن اصلاحات کا اہم حصہ ہے

شہباز شریف کی ایف بی آر میں جاری اصلاحات پر ہفتہ وار جائزہ اجلاس کی صدارت، فیس لیس ان لینڈ ریونیو نظام کا پہلا مرحلہ یکم اکتوبر 2026 سے فعال ہوگا اجلاس میں بریفنگ

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم شہباز شریف نے ٹیکس اہداف کے حصول کے لئے انفورسمنٹ اقدامات تیز کرنے کا حکم دیتے ہوئے کہا ہے کہ ان لینڈ ریونیو کے لئے مجوزہ فیس لیس نظام کا مکمل رول آؤٹ 2027 تک یقینی بنایا جائے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ایف بی آر میں جاری اصلاحات پر ہفتہ وار جائزہ اجلاس ہوا، جس میں انہوں نے ایف بی آر اصلاحات پر عملدرآمد مزید تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کاروباری برادری کے ٹیکس اصلاحات پر بڑھتے اعتماد کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ چیئرمین ایف بی آر اور سینئر افسران ہر ماہ کراچی کے ساتھ لاہور میں بھی 2 روز قیام کریں۔ ایف بی آر مقررہ ریونیو ہدف کے حصول کیلئے انفورسمنٹ اقدامات تیز کرے۔ انہوں نے ایف بی آر کو اسمگلنگ، ٹیکس چوری اور غیر قانونی کاروبار کے خلاف موثر انفورسمنٹ جاری رکھنے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے ایف بی آر کی جانب سے چکوال اور صوابی میں سگریٹ سازی کی غیر قانونی فیکٹریوں کے خلاف اقدامات کی پذیرائی کی۔ انہوں نے ایف بی آر کے تمام حساس پوسٹوں اور محکموں میں اچھی شہرت کے حامل اور ایماندار افسران کے ساتھ ساتھ اہلکاروں کی بھی تعیناتی کی ہدایت کی۔ وزیراعظم کی ان لینڈ ریونیو کے لئے [illegible] فیس لیس نظام کی [illegible]

حب: یوم آزادی پر سیکورٹی سخت، 11 سے 15 اگست تک خصوصی چیکنگ اور سرچ آپریشنز کا فیصلہ

14 اگست کی تقریبات کیلئے حب میں فلیگ مارچ، ٹریفک کنٹرول، انسداد منشیات اور اسمگلنگ کے خلاف کارروائیاں تیز کرنے کی ہدایت

حب (اے این این) ڈپٹی کمشنر حب کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (DCC) کا اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس حب میں منعقد ہوا، جس میں 14 اگست یوم آزادی کی تقریبات، امن و امان، ٹریفک مینجمنٹ، انسداد منشیات، اسمگلنگ کے خلاف کارروائی، سرکاری عمارات کی سیکورٹی اور دیگر اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے آغاز میں تلاوت کلام پاک کی گئی، جس کے بعد شرکاء کا تعارف ہوا۔ اجلاس میں پولیس، ایف سی، ضلعی انتظامیہ، محکمہ ایکسائز، اے این ایف، پاکستان کسٹمز، انٹیلی جنس اداروں، LIEDA، بلدیاتی اداروں اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر حب نے ہدایت کی کہ 14 اگست یوم آزادی کو قومی جوش و جذبے اور شایان شان [illegible]

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے جرمنی کے اعزازی قونصل میر مراد بلوچ سوینئر پیش کر رہے ہیں

ملک بھر کے بجلی صارفین پر مزید 23 ارب روپے کا بوجھ منتقل کرنے کی تیاری

اسلام آباد (یو این اے) کراچی سمیت ملک بھر کے بجلی صارفین کے لیے بڑا ریلیف ختم ہونے کے قریب پہنچ گیا۔ بجلی کے ایک روپے 99 پیسے فی یونٹ کمی کے سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ ریلیف کی مدت رواں ماہ ختم ہو جائیگی

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا دفاعی ساتھ خطے کو مزید محفوظ بنائے گا، رانا تنویر حسین

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا دفاعی ساتھ خطے کو مزید محفوظ بنائے گا۔ وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق کی جانب سے جاری بیان میں رانا تنویر حسین نے کہا کہ تینوں برادر ممالک کا ایک دوسرے کے ساتھ کھڑا [illegible]

برابر تعداد کے ججز پر مشتمل بنچ سابق فیصلے سے انحراف نہیں کر سکتا، سپریم کورٹ

اسلام آباد (جی این ایم) سپریم کورٹ نے قرار دیا ہے کہ ایک ہی تعداد کے ججز پر مشتمل بعد کا بنچ پہلے کے ہم مرتبہ بنچ کے فیصلے کا پابند ہوتا ہے، کسی قانونی نکتے پر مختلف رائے کی صورت میں معاملہ چیف جسٹس کے ذریعے بڑے بنچ کو بھجوایا جائے گا۔ عدالت نے واضح کیا کہ عدالتی نظیر کے اصول کا مقصد قانون میں یقین، تسلسل اور عدالتی ادارے کی ساکھ برقرار رکھنا ہے۔

وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے آذربائیجان کے سفیر خضر فرہادوف کی الوداعی ملاقات

اسلام آباد (سی ایم لنکس) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے پیر کو پاکستان میں آذربائیجان کے سفیر خضر فرہادوف سے الوداعی ملاقات کی۔ پیر کو وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے لیے سفیر خضر فرہادوف کی خدمات اور کردار کو سراہا۔

آزاد کشمیر میں پولنگ میں تاخیر اور پولنگ ایجنٹس کو روکنا تشویشناک ہے، شیری رحمان

یہ عمل انتخابی شفافیت پر سنگین سوال ہے، الیکشن کمیشن نوٹس لے، پولنگ میں تاخیر کا خمیازہ ووٹرز کو نہیں بھگتنا چاہیے

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان پیپلز پارٹی کی نائب صدر سینیٹر شیری رحمان نے آزاد کشمیر میں تیسرے مرحلے کے الیکشن میں پولنگ کے آغاز میں تاخیر اور پیپلز پارٹی کے پولنگ ایجنٹس کو بعض پولنگ سٹیشنز میں داخلے سے روکنے پر شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں شیری رحمان نے کہا کہ ایل اے 16 کے پولنگ سٹیشن نمبر 61 جبکہ ایل اے 15 کے پولنگ سٹیشنز نمبر 87، 143 اور 144 پر بروقت پولنگ شروع نہ ہونا تشویشناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولنگ میں تاخیر کا خمیازہ ووٹرز کو نہیں بھگتنا چاہیے، ضائع ہونے والے وقت کو پورا کر کے ووٹرز کو حق رائے دہی کا مکمل موقع فراہم کیا جائے۔ پیپلز پارٹی کی نائب صدر نے کہا کہ ایل اے 16 کے پولنگ سٹیشنز نمبر 9 [illegible] 128 [illegible]

نئی نسل کو پارلیمانی تاریخ اور جمہوری روایات سے روشناس کرانا ضروری ہے، ایاز صادق

اسلام آباد (سی ایم لنکس) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ دستور ساز اسمبلی کا قیام پاکستان کی قومی و پارلیمانی تاریخ کا ایک تاریخی سنگ میل تھا، جس نے ملک میں آئینی، جمہوری اور پارلیمانی نظام کی مضبوط بنیاد رکھی۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمانی جمہوریت ریاست پاکستان کی اساس ہے

پاکستان کیخلاف افغان طالبان کو دی گئی بھارتی ناقص ٹیکنالوجی بھی ناکام

کابل (جی این ایم) شکست خوردہ بھارت کی افغان طالبان رجیم کی سرپرستی اور پاکستان میں ڈرونز حملوں کے عزائم خاک میں مل گئے۔ تحقیقاتی رپورٹ نے بھارت کے پاکستان کیخلاف استعمال کیلئے طالبان رجیم کو دیئے گئے ناقص ڈرونز کی قلعی کھول دی۔ تحقیقاتی رپورٹ کے مطابق افغانستان دہشت گردوں کا گڑھ بن چکا ہے

امریکہ کا حوثیوں کے خلاف یمن کے ساتھ کھڑے ہونے کا اعلان

ریاض (جی این ایم) امریکا نے حوثی حملوں کے خلاف یمن کی حمایت جاری رکھنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ یمن میں بحری سلامتی اور دہشت گردی کے خلاف کارروائی واشنگٹن کی اہم ترجیحات میں شامل ہیں۔ انادولو نیوز ایجنسی کے مطابق سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض میں امریکی مشن برائے یمن کے ناظم الامور نیل ہوپ نے یمنی صدارتی قیادت کونسل کے سربراہ رشاد العلیمی سے ملاقات کی [illegible] کے دوران [illegible]

جولائی میں ترسیلات زر تقریباً 3.6 ارب ڈالرز تک پہنچ گئیں، خرم شہزاد

اسلام آباد (اے این این) مشیر خزانہ خرم شہزاد نے کہا ہے کہ پاکستان میں ترسیلات زر نے مالی سال 2027 کا مضبوط آغاز کیا ہے۔ ایکس پر اپنی ٹویٹ میں اعداد و شمار شیئر کرتے ہوئے خرم شہزاد نے لکھا کہ جولائی 2026 میں بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی جانب سے بھیجی گئی رقم تقریباً 3.6 ارب ڈالرز تک پہنچ گئی۔

کوئٹہ، آٹے کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ، 50 کلو کا تھیلا 7 ہزار روپے سے تجاوز کر گیا

ایسٹ اور ویسٹ انتظامی تقسیم سے دفتری امور میں شدید مشکلات، پرائس کنٹرول اور آسان طریقہ کار کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ میں آٹے کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے شہریوں خصوصاً کم آمدن والے طبقے کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے، 50 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 7 ہزار روپے سے تجاوز کر گئی ہے، جبکہ شہریوں نے گرانفروشی اور بڑھتی ہوئی قیمتوں پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت اور ضلعی انتظامیہ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو کنٹرول کرنا ضلعی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے، تاہم آٹے کی قیمت میں مسلسل اضافے کے باوجود پرائس کنٹرول میکنزم متحرک دکھائی نہیں دے رہا۔ غریب اور متوسط طبقہ پہلے ہی مہنگائی کے باعث شدید مالی مشکلات کا شکار ہے، ایسے میں آٹے کی قیمت میں اضافہ [illegible] مزید مشکلات [illegible]

جولائی میں سالانہ بنیاد پر 13 فیصد اضافی ترسیلات زر موصول ہونا خوش آئند ہے، وزیراعظم

سمندر پار پاکستانی ہمارا قومی معاشی دھارے کا بیش قدر جزو ہیں، بیان

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف نے جولائی کے مہینے میں بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی جانب سے 3.6 ارب ڈالر کی ترسیلات زر بھیجے جانے پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ جولائی میں سالانہ بنیاد پر 13 فیصد اضافی ترسیلات زر موصول ہونا خوش آئند ہے، جولائی میں سمندر پار پاکستانیوں نے ماہانہ بنیاد پر 4.5 فیصد زیادہ ترسیلات بھیجیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ سمندر پار پاکستانیوں کا معیشت کے استحکام اور ترقی میں مثبت کردار لائق تحسین ہے، سمندر پار پاکستانی ہمارا قومی معاشی [illegible] کا بیش قدر جزو [illegible]

کوئٹہ، چیف سیکریٹری بلوچستان شکیل قادر خان کو سیکریٹری پری کیوشن محکمہ کے سالانہ پروگریس کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں

مصطفیٰ عامر قتل کیس، سندھ ہائیکورٹ کا مقدمے میں تاخیر پر اظہار برہمی، ریکارڈ طلب کر لیا

کیس میں جوڈیشل کمیشن کے قیام پر رضامند نہیں، مقتول کے والد کا بیان

کراچی (جی این ایم) مقتول مصطفیٰ عامر کی والدہ نے مقدمات میں سست روی کے خلاف سندھ ہائی کورٹ سے رجوع کر لیا جس پر عدالت نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ٹرائل کورٹ سے مقدمے کا ریکارڈ طلب کر لیا۔ درخواست پر سماعت کے دوران عدالت نے استفسار کیا کہ مقدمے میں دفعہ 302 شامل کر دی گئی تھی؟۔ مدعیہ کے وکیل نے بتایا کہ ملزم ارمغان کے خلاف متعدد مقدمات ہیں اور ملزم کی جانب سے مسلسل تاخیری حربے استعمال کیے جا رہے ہیں۔ مدعیہ کے وکیل کے مطابق کبھی ملزم اور اس کے والدین آپس میں لڑ پڑتے ہیں، کبھی وکیل عدالت میں پیش نہیں ہوتا اور کبھی ملزم کی جانب سے کہا جاتا ہے کہ ٹرائل کورٹ پر بھروسہ نہیں۔ عدالت نے استفسار کیا [illegible] مقدمات کیوں [illegible]

بلوچستان میں جشنِ آزادی کی سرگرمیاں عروج پر پہنچ گئیں

کھیلوں کے میدان بھی آباد، کوئٹہ میں آزادی اتھلیٹس مقابلوں کا انعقاد

کوئٹہ (جی این ایم) ماہ اگست کے آغاز کے ساتھ ہی کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں جشنِ آزادی کی سرگرمیاں عروج پر پہنچ گئیں، جبکہ کھیلوں کے میدان بھی آباد ہو گئے۔ سبز ہلالی پرچم تلے بلوچستان کے عوام کا جذبہ حب الوطنی نمایاں ہے اور آزادی کی تقریبات سمیت مختلف کھیلوں میں شہری بھرپور شرکت کر رہے ہیں۔ کوئٹہ میں جشنِ آزادی کی مناسبت سے آزادی اتھلیٹس مقابلوں کا انعقاد کیا گیا، جن میں مرد و خواتین کھلاڑیوں نے بھرپور حصہ لیا، موسیٰ اسٹیڈیم کوئٹہ میں 7 اگست سے جاری آزادی اتھلیٹس مقابلوں کا فائنل گزشتہ روز کھیلا گیا۔ دوسری جانب کوئٹہ کی باصلاحیت باکسر عابدہ بتول نے کھیلوں کے میدان میں کامیابی کے جھنڈے گاڑتے ہوئے بلوچستان کی نمائندگی [illegible] کیلئے

ایران پر آبنائے ہرمز میں ایک ٹینکر کو میزائل سے نشانہ بنانے کا الزام، کشیدگی پھر بڑھ گئی

یو اے ای کے آئل ٹینکر کو نشانہ بنایا گیا، آبنائے ہرمز سے تجارتی آمدورفت کی سطح بدستور کم

تہران، لندن (جی این ایم) ایران پر آبنائے ہرمز میں ایک ٹینکر کو میزائل سے نشانہ بنانے کا الزام عائد کیا گیا ہے جس کے بعد کشیدگی پھر بڑھ گئی۔ برطانوی میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز آرگنائزیشن نے کہا ہے کہ مشرق وسطیٰ میں خطرے کی سطح بدستور شدید ہے جبکہ آبنائے ہرمز میں تجارتی بحری جہازوں پر حملے جاری ہیں۔ برطانوی میری ٹائم ایجنسی کے مطابق آبنائے ہرمز میں متحدہ عرب امارات کے ایک آئل ٹینکر کو نشانہ بنایا گیا، جبکہ آبنائے ہرمز سے تجارتی آمدورفت کی سطح بدستور کم ہے اور اس وقت صرف چند بحری جہاز ہی اس راستے سے گزر رہے ہیں۔ تنظیم نے اپنی تازہ ماہانہ رپورٹ میں کہا ہے کہ ایرانی پاسدارانِ انقلاب کی جانب سے حملے اور ڈرونز کی کارروائیاں [illegible] کی [illegible]

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کا کویتی ہم منصب سے رابطہ

مکہ دفاعی معاہدے پر تبادلہ خیال، قریبی رابطہ برقرار رکھنے پر اتفاق

اسلام آباد (جی این ایم) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کویتی وزیر خارجہ شیخ جراح جابر الاحمد الصباح سے ٹیلیفونک رابطہ کیا ہے جس میں مکہ دفاعی معاہدے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور کویتی وزیر شیخ جراح جابر نے خطے کی صورتحال، بشمول مقبوضہ مشرقی مقبوضہ بیت المقدس پر تبادلہ خیال کیا۔ بتا ٹیلیفونک گفتگو کے دوران پاکستان کویت دوطرفہ تعلقات اور باہمی دلچسپی کے امور پر بھی بات چیت ہوئی جبکہ کویتی وزیر خارجہ کے حالیہ دورہ پاکستان کے فالو اپ اور اہم شعبوں میں تعاون و سرمایہ کاری بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور کویتی وزیر خارجہ شیخ جراح جابر [illegible]

کوئٹہ، آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر خانہ نوسریاب تھانہ محمود الرحمٰن سریاب اور قاسم لائن کا دورہ کر رہے ہیں اس موقع پر ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ عمران شوکت بھی موجود ہیں

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا دفاعی معاہدہ ایران کیلئے خطرہ نہیں، اسماعیل بقائی

معاہدہ خطے کے ممالک کے ادراک میں تبدیلی کی علامت ہے، ممالک اس نتیجے پر پہنچ گئے کہ وہ امریکہ کی جانب سے سکیورٹی فراہم کرنے کے دعوے پر انحصار نہیں کر سکتے

جب تک بحری ناکہ بندی اور مفاہمتی معاہدے کی دیگر شقوں کی خلاف ورزیاں جاری رہیں گی، آبنائے ہرمز کے محفوظ ہونے کی ضمانت نہیں دی جا سکتی، پریس کانفرنس

تہران (اے این این) ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ فکر مند ہونے کی کوئی وجہ نہیں کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکی کے مابین مشترکہ دفاعی معاہدہ ہمسایوں کے خلاف ہے۔ اپنی ہفتہ وار پریس کانفرنس میں اسماعیل بقائی نے اس معاہدے کو خطے کے ممالک کے ادراک میں تبدیلی کی علامت قرار دیا اور کہا کہ ممالک اس نتیجے پر پہنچ گئے ہیں کہ وہ امریکہ کی جانب سے سکیورٹی فراہم کرنے کے دعوے پر انحصار نہیں کر سکتے۔ بقائی نے کہا کہ جب تک بحری ناکہ بندی اور مفاہمتی معاہدے کی دیگر شقوں کی خلاف ورزیاں جاری رہیں گی، آبنائے ہرمز کے ایک محفوظ آبی راستے میں تبدیلی ہونے کی ضمانت نہیں دی جا سکتی۔ ایران کی وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ عباس عراقچی اور محمد باقر قالیباف کے دورہ پاکستان کیلئے دعوت نامہ موصول ہوا ہے اور مناسب وقت پر یہ دورہ انجام پائے گا۔ اسماعیل بقائی نے کہا کہ ایران فی الحال [illegible] راستے [illegible]

بندوق کے زور پر کسی قوم یا ملک کو مستقل طور پر فتح نہیں کیا جا سکتا، ظہور بلیدی

موجودہ دور میں کسی ملک کو طاقت کے زور پر توڑنا آسان نہیں، بلوچ نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ خود کو کسی بے مقصد جنگ کا ایندھن بنانے کے بجائے اپنی تعلیم اور مستقبل پر توجہ مرکوز کریں

بلوچستان کے مسئلے کا حل طاقت کے بجائے تعلیم، مذاکرات اور سیاسی عمل میں ہے صوبائی وزیر ظہور بلیدی کا دو ہفتے بعد حلقے کا دورہ، شہید ایوب ڈگری کالج میں تعلیمی کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے دو ہفتے کے بعد آج دوبارہ اپنے حلقے کا دورہ کیا گورنمنٹ شہید ایوب ڈگری کالج بلیدہ میں تعلیمی کانفرنس میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ نوجوان کسی بھی معاشرے کا اصل سرمایہ اور مستقبل ہوتے ہیں انہیں مثبت، تعمیری اور صحت مند سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ والدین بچوں کے ساتھ دوستانہ ماحول میں گفتگو کریں، ان کے مسائل سمجھیں اور انہیں سوشل میڈیا کے مثبت اور ذمہ دارانہ استعمال کے حوالے سے آگاہی دیں۔ تعلیمی کانفرنس میں ڈویژنل مانیٹرنگ آفیسر کالجز سر برکت اسماعیل، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کیچ امجد شہزاد نے بھی خطاب کر کے تعلیم کی اہمیت و فضیلت پر روشنی ڈالی۔ کالج کے پرنسپل الٰہی بخش بلوچ نے اظہار تشکر کیا اسٹیج سیکرٹری کے فرائض اسسٹنٹ پروفیسر انور زہیر نے سرانجام دیئے تلاوت [illegible]

گورنر بلوچستان 12 اگست کو نیویارک میں عالمی یوتھ اینڈ آرٹیفیشل انٹیلیجنس سمٹ میں شرکت کریں گے

جعفر مندوخیل کا عالمی سمٹ میں بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے AI، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور آن لائن کاروبار کے فروغ پر زور

کراچی / کوئٹہ (اے این این) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل 12 اگست کو امریکہ کے شہر نیویارک میں اقوام متحدہ کے زیر اہتمام "یوتھ اینڈ آرٹیفیشل انٹیلیجنس سمٹ" میں پاکستان اور بلوچستان کے نوجوانوں کی نمائندگی کریں گے۔ اس عالمی سربراہی اجلاس میں 186 سے زائد ممالک کے مندوبین شرکت کریں گے۔ واضح رہے کہ گورنر مندوخیل جشن آزادی پاکستان کی مناسبت سے 14 اگست کو ٹیکساس کے علاقے ڈیلاس میں منعقد کی جانے والی تقریب میں پاکستانیوں سے بھی خطاب کریں گے۔ مذکورہ گلوبل سمٹ میں گورنر جعفر خان مندوخیل [illegible] کے ذہنوں کو [illegible]

باقاعدہ تصدیق شدہ ABC Certified بلوچستان کا کثیر الاشاعت اخبار

روزنامہ رژن تربت
Daily RUZN Turbat

چیف ایڈیٹر: شکیل احمد

روزنامہ رژن تربت پبلشر شکیل احمد ہائی ٹیک پرنٹنگ پریس سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر بیورو آفس سریاب روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ فون نمبر 081-2833309

انجمن تاجران بلوچستان کا 7 اور 8 اگست کو کوئٹہ بھر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال کا اعلان

انجمن تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ) نے میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جانب سے تاجروں کے خلاف مبینہ کارروائیوں، قومی شاہراہوں پر امن و امان کی ابتر صورتحال، دہشت گردی کے واقعات اور تاجروں کے مطالبات پر عملدرآمد نہ ہونے کے خلاف 7 اور 8 اگست کو کوئٹہ بھر میں مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کا اعلان کر دیا ہے' یہ بات انجمن تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ) کے صدر رحیم آغا، جنرل سیکرٹری ولی افغان، حاجی اسلم ترین، حاجی ظہور کاکڑ، حاجی فاروق شاہوانی، حاجی داؤد خلجی، حاجی عبدالنافی نورزئی، راجہ محمد ایوب گجر، ولی محمد ترین، اسد خان، اکمل خان، مطیع اللہ، بخت کاکڑ، عبدالحکیم الکوزئی، بشیر خان سنجرانی، زبیر احمد لہڑی اور دیگر عہدیداروں نے مشترکہ بیان میں کہی' رہنماؤں نے کہا کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جانب سے آئے روز تاجروں کی بلاجواز تذلیل، دکانوں کا سامان سڑکوں پر پھینکنے، حلیم پلازہ کے متاثرہ تاجروں کو تاحال معاوضہ ادا نہ کرنے اور دہشت گردی کے مختلف واقعات میں متاثر ہونے والے تاجروں کو نقصانات کا ازالہ نہ کیے جانے کے باعث تاجر برادری شدید اضطراب کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی تا کوئٹہ اور تفتان تا کوئٹہ قومی شاہراہوں پر مال بردار گاڑیوں کی لوٹ مار، بسوں، ٹرکوں اور گیس بردار گاڑیوں پر حملے، گاڑیوں کو نذر آتش کرنے اور بے گناہ مسافروں کے قتل و زخمی ہونے کے بڑھتے ہوئے واقعات نے نہ صرف کاروباری سرگرمیوں کو متاثر کیا ہے بلکہ تاجروں اور شہریوں میں بھی شدید خوف و ہراس پیدا کر دیا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ جناح کلاتھ مارکیٹ، عسکری مارکیٹ اور دیگر مارکیٹوں کے کرایہ دار دکانداروں کو بے دخل کرنے کی کوششیں، عدالتی فیصلوں کے باوجود تاجروں کو مسلسل ہراساں کرنا اور طاقت کے ذریعے مسائل حل کرنے کی پالیسی ناقابل قبول ہے۔ انجمن تاجران نے مطالبہ کیا کہ متعلقہ حکام طاقت کے استعمال کے بجائے مذاکرات کے ذریعے مسئلے کا مستقل اور منصفانہ حل نکالیں۔ تاجر رہنماؤں نے الزام عائد کیا کہ کمشنر کوئٹہ ڈویژن کا رویہ تاجروں کے ساتھ غیر مناسب اور ظالمانہ ہے، جس کے باعث تاجروں میں شدید بے چینی پائی جا رہی ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر فوری طور پر سنجیدہ مذاکرات کا آغاز نہ کیا گیا تو احتجاجی تحریک میں مزید شدت لائی جا سکتی ہے، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔ بیان میں حکومت بلوچستان، چیف سیکرٹری، کمشنر کوئٹہ ڈویژن، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ، میٹروپولیٹن کارپوریشن اور دیگر متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا گیا کہ تاجروں کے جائز مطالبات پر فوری مذاکرات کیے جائیں اور عدالتی فیصلوں، قانونی دستاویزات اور حقائق کی روشنی میں تمام مسائل کا مستقل حل نکالا جائے۔ انجمن تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ) نے واضح کیا کہ اگر حکام نے فوری مذاکرات نہ کیے، کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے اپنا رویہ تبدیل نہ کیا اور تاجروں کے آئینی و قانونی حقوق کو مسلسل نظرانداز کیا گیا تو 7 اور 8 اگست کو کوئٹہ بھر میں مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کی جائے گی۔ اس موقع پر تمام مارکیٹ ایسوسی ایشنز، تاجر تنظیموں، ٹرانسپورٹرز، وکلاء، سیاسی و مذہبی جماعتوں اور سول سوسائٹی سے ہڑتال کو کامیاب بنانے کے لیے بھرپور تعاون کی اپیل بھی کی گئی۔ انجمن تاجران بلوچستان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ تصادم کے بجائے مذاکرات اور افہام و تفہیم کے ذریعے مسائل کے حل پر یقین رکھتی ہے، تاہم اگر تاجروں کے آئینی اور قانونی حقوق پامال کیے گئے تو تاجر برادری اپنے حقوق کے تحفظ کے لیے ہر جمہوری اور قانونی راستہ اختیار کرے گی۔ انجمن تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ) نے میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جانب سے تاجروں کے خلاف مبینہ کارروائیوں، قومی شاہراہوں پر امن و امان کی ابتر صورتحال، دہشت گردی کے واقعات اور تاجروں کے مطالبات پر عملدرآمد نہ ہونے کے خلاف 7 اور 8 اگست کو کوئٹہ بھر میں مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کا اعلان کر دیا ہے' یہ بات انجمن تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ) کے صدر رحیم آغا، جنرل سیکرٹری ولی افغان، حاجی اسلم ترین، حاجی ظہور کاکڑ، حاجی فاروق شاہوانی، حاجی داؤد خلجی، حاجی عبدالنافی نورزئی، راجہ محمد ایوب گجر، ولی محمد ترین، اسد خان، اکمل خان، مطیع اللہ، بخت کاکڑ، عبدالحکیم الکوزئی، بشیر خان سنجرانی، زبیر احمد لہڑی اور دیگر عہدیداروں نے مشترکہ بیان میں کہی' رہنماؤں نے کہا کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جانب سے آئے روز تاجروں کی بلاجواز تذلیل، دکانوں کا سامان سڑکوں پر پھینکنے، حلیم پلازہ کے متاثرہ تاجروں کو تاحال معاوضہ ادا نہ کرنے اور دہشت گردی کے مختلف واقعات میں متاثر ہونے والے تاجروں کو نقصانات کا ازالہ نہ کیے جانے کے باعث تاجر برادری شدید اضطراب کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی تا کوئٹہ اور تفتان تا کوئٹہ قومی شاہراہوں پر مال بردار گاڑیوں کی لوٹ مار، بسوں، ٹرکوں اور گیس بردار گاڑیوں پر حملے، گاڑیوں کو نذر آتش کرنے اور بے گناہ مسافروں کے قتل و زخمی ہونے کے بڑھتے ہوئے واقعات نے نہ صرف کاروباری سرگرمیوں کو متاثر کیا ہے بلکہ تاجروں اور شہریوں میں بھی شدید خوف و ہراس پیدا کر دیا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ جناح کلاتھ مارکیٹ، عسکری مارکیٹ اور دیگر مارکیٹوں کے کرایہ دار دکانداروں کو بے دخل کرنے کی کوششیں، عدالتی فیصلوں کے باوجود تاجروں کو مسلسل ہراساں کرنا اور طاقت کے ذریعے مسائل حل کرنے کی پالیسی ناقابل قبول ہے۔ انجمن تاجران نے مطالبہ کیا کہ متعلقہ حکام طاقت کے استعمال کے بجائے مذاکرات کے ذریعے مسئلے کا مستقل اور منصفانہ حل نکالیں۔ تاجر رہنماؤں نے الزام عائد کیا کہ کمشنر کوئٹہ ڈویژن کا رویہ تاجروں کے ساتھ غیر مناسب اور ظالمانہ ہے، جس کے باعث تاجروں میں شدید بے چینی پائی جا رہی ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر فوری طور پر سنجیدہ مذاکرات کا آغاز نہ کیا گیا تو احتجاجی تحریک میں مزید شدت لائی جا سکتی ہے، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔

ہم سے ہماری تہذیب کس نے چھینی؟

تحریر: صبور خان

بعض یادیں وقت کی گرد میں کبھی دفن نہیں ہوتیں۔ برسوں گزر جائیں، موسم بدل جائیں، شہر بدل جائیں، لوگ بدل جائیں، لیکن وہ یادیں دل کے کسی گوشے میں اسی طرح تازہ رہتی ہیں جیسے ابھی کل ہی کی بات ہو۔ جب بھی زندگی کی مصروفیات سے چند لمحوں کی فرصت ملتی ہے تو ذہن بے اختیار ماضی کی انہی حسین گلیوں میں جا پہنچتا ہے، جہاں سادگی تھی، محبت تھی، ادب تھا، احترام تھا اور رشتوں میں خلوص کی ایسی خوشبو تھی جو آج کے دور میں ڈھونڈنے سے بھی کم ہی ملتی ہے۔ آج میں آپ کو تقریباً تیس برس پیچھے، سنہ 1995 اور 1996 کے اُس کوئٹہ میں لے جانا چاہتا ہوں، جہاں ہم ہر سال گرمیوں کی چھٹیاں اپنے خاندان کے ساتھ گزارتے تھے۔ پھر اگست کا مہینہ آتا، سامان باندھا جاتا اور ہم واپس اپنے آبائی علاقے لوٹ جاتے، لیکن کوئٹہ کی وہ یادیں ہمیشہ ہمارے دلوں میں بسی رہتیں۔

مجھے آج بھی اچھی طرح یاد ہے کہ میرے والد محترم اور میرے چچا ہر جمعہ طوغی روڈ کی مسجد میں نماز جمعہ ادا کرنے جایا کرتے تھے۔ جمعہ صرف ایک نماز نہیں ہوتا تھا بلکہ پورے ہفتے کی ایک روحانی، سماجی اور خاندانی خوشی ہوا کرتا تھا۔ تقریباً گیارہ بجے سے ہی تیاری شروع ہو جاتی۔ غسل، صاف ستھرے کپڑے، خوشبو، اور پھر مسجد کی طرف روانگی۔ ہر چہرے پر وقار تھا، ہر دل میں اللہ کی یاد تھی، اور ہر قدم میں عبادت کا شوق جھلکتا تھا۔

نماز جمعہ کے بعد دوست احباب اور بزرگ میزان مارکیٹ کا رخ کرتے۔ وہاں نہ مہنگے کیفے تھے، نہ جدید طرز کے ریسٹورنٹ، اور نہ ہی دکھاوے کی محفلیں۔ یا تو چٹائی بچھی ہوتی تھی یا سادہ فرش، اور سب لوگ بلا تکلف چار زانو بیٹھ جاتے۔ امیر اور غریب کے درمیان کوئی امتیاز نہ تھا۔ نہ کسی کو زمین پر بیٹھنے میں شرمندگی محسوس ہوتی تھی اور نہ کسی کے دل میں تکبر کا احساس ہوتا تھا۔ اصل دولت جیب میں نہیں، دل میں ہوتی تھی۔

پھر چائے آتی...

آج بھی اُس چائے کا ذائقہ میری یادوں میں تازہ ہے۔ شاید وہ صرف چائے نہیں تھی، بلکہ محبت، اخلاص، اپنائیت اور بے تکلفی کا ذائقہ تھا۔ لوگ چائے کے چند گھونٹوں کے ساتھ گھنٹوں بیٹھتے، ایک دوسرے کا حال پوچھتے، ہنستے، مسکراتے اور دلوں کا بوجھ ہلکا کرتے تھے۔

جیسے ہی دن ڈھل جاتا عصر کی نماز کے بعد ہمارے والدین سیدھے ریلوے پٹڑی کی طرف تشریف لے جاتے تھے۔ عصر سے مغرب تک وہاں ایسا سماں ہوتا تھا جیسے کوئی چھوٹا سا میلہ سجا ہو۔ بزرگ اپنی محفلوں میں مصروف، نوجوان خوش گپیوں میں مگن، اور بچے کھیل کود میں کھوئے رہتے تھے۔ ہر طرف زندگی تھی، رونق تھی اور محبتوں کی خوشبو تھی۔ کچھ ہی دیر بعد گڑ والی یا نمکی والی چائے آ جاتی، اور سب مل کر اس سے لطف اندوز ہوتے۔ آج بے شمار جدید مشروبات موجود ہیں، مگر اُس سادہ چائے جیسا ذائقہ شاید کہیں نہیں، کیونکہ اُس میں چینی سے زیادہ محبت اور خلوص گھلا ہوا ہوتا تھا۔ جونہی مغرب کی اذان کی آواز بلند ہوتی، سب لوگ اپنی گفتگو ختم کر کے مسجد کی طرف چل پڑتے۔ نماز مغرب ادا کرنے کے بعد کچھ لوگ گھروں کو لوٹ جاتے، جبکہ کچھ دوبارہ اسی جگہ آ کر بیٹھ جاتے۔ ٹھنڈی ہوائیں، بزرگوں کی نصیحتیں، دوستوں کی ہنسی اور بچوں کی معصوم شرارتیں... یہی ہماری شامیں تھیں، یہی ہماری خوشیاں تھیں اور یہی ہماری اصل دولت تھی۔ ہر دوسرے یا تیسرے دن کسی نہ کسی کی بیٹھک میں دعوت کا اہتمام ہوتا۔ ہمسائے، دوست، عزیز و اقارب سب شریک ہوتے۔ نہ دعوت میں نمود و نمائش ہوتی، نہ تکلف، نہ اسٹیٹس کی دوڑ؛ صرف محبت، اخلاص اور اپنائیت کا رشتہ ہوتا تھا۔

بچے اپنے بڑوں کے ہاتھ چومتے تھے، اور بڑے محبت سے ان کے سروں پر شفقت بھرا ہاتھ رکھتے، دعائیں دیتے اور کبھی ٹافی، کبھی کوئی چھوٹا سا تحفہ دے کر ان کے چہروں پر خوشی بکھیر دیتے۔ والدین کا ہاتھ چوم کر گھر سے نکلنا ہماری تربیت کا حصہ تھا، جبکہ استاد کا احترام ہمارے ایمان اور اخلاق کا حصہ سمجھا جاتا تھا۔ کوئی شاگرد ادب کی وجہ سے استاد کی نشست پر بیٹھنے کا تصور بھی نہیں کرتا تھا۔

آج جب یہ سب مناظر یاد آتے ہیں تو دل بار بار یہی سوچتا ہے کہ آخر وہ محبتیں کہاں گئیں؟ وہ خلوص کہاں چلا گیا؟ وہ ادب، وہ احترام، وہ اپنائیت اور وہ سادگی آخر کس موڑ پر ہم سے بچھڑ گئی؟

شاید آپ یہ سوچ رہے ہوں گے کہ آخر میں نے ماضی کی ان یادوں کا تذکرہ کیوں کیا؟ آخر ان واقعات کو دہرانے کا مقصد کیا ہے؟

اگر آپ نے ان یادوں کو دل سے محسوس کیا ہے تو یقیناً آپ سمجھ گئے ہوں گے کہ میرا مقصد صرف ماضی کی خوبصورتی بیان کرنا نہیں، بلکہ اس تلخ حقیقت کی طرف توجہ دلانا ہے کہ ہم نے ترقی کے اس طویل سفر میں آخر کیا حاصل کیا اور اس کے بدلے کیا کچھ گنوا دیا۔ ہم نے سڑکیں ضرور بنا لیں، عمارتیں بھی بلند کر لیں، موبائل فون، انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا کی دنیا بھی حاصل کر لی، لیکن اس دوڑ میں کہیں نہ کہیں ہم اپنی تہذیب، اپنی محبت، اپنا ادب، اپنا سکون اور اپنے رشتوں کی حرارت کھو بیٹھے۔

ایک وقت تھا جب میزان مارکیٹ میں چٹائی یا فرش پر بیٹھ کر چائے پینے میں عزت محسوس ہوتی تھی۔ امیر بھی وہیں بیٹھتا تھا اور غریب بھی۔ کسی کے لباس، دولت یا عہدے سے اس کی عزت کا فیصلہ نہیں کیا جاتا تھا، بلکہ اخلاق، کردار اور محبت انسان کی اصل پہچان ہوا کرتے تھے۔

* آج زمین پر بیٹھنے کو اپنی توہین سمجھا جاتا ہے، حالانکہ ہم بھول گئے ہیں کہ انسان کو اس کی کرسی نہیں بلکہ اس کا کردار بلند بناتا ہے۔ *

وہ ریلوے پٹڑی، جہاں عصر کے بعد بزرگوں کی محفلیں سجا کرتی تھیں، جہاں بچے کھیلتے تھے، جہاں نوجوان اپنے بڑوں سے سیکھتے تھے، آج خاموش کھڑی ہے۔ *اب ہر شخص کے ہاتھ میں موبائل ہے، مگر کسی کے پاس اپنے والدین کے ساتھ چند لمحے بیٹھنے کا وقت نہیں۔ *ہر شخص سینکڑوں لوگوں سے آن لائن جڑا ہوا ہے، لیکن اپنے ہی گھر والوں سے دور ہوتا جا رہا ہے۔ ہر دوسرے دن کسی نہ کسی کی بیٹھک میں دعوت ہوا کرتی تھی۔ دکھ بھی مشترکہ تھا اور خوشی بھی مشترکہ تھی۔ اگر محلے میں کسی ایک گھر میں کھانا پکتا تو اس کی خوشبو صرف اس گھر تک محدود نہیں رہتی تھی، بلکہ محبت کی صورت میں پورے محلے میں تقسیم ہو جاتی تھی۔ آج دعوتیں تو پہلے سے زیادہ ہیں، مگر خلوص پہلے سے کم ہے۔ تصاویر زیادہ ہیں، مگر تعلقات کمزور ہیں۔ *لوگ ایک دوسرے کے ساتھ بیٹھنے سے زیادہ ایک دوسرے کی تصویریں دیکھنے میں مصروف ہیں۔*

استاد کا مقام ایسا تھا کہ شاگرد ادب سے نظریں جھکا کر بات کرتا تھا۔ والدین کا ہاتھ چوم کر گھر سے نکلنا باعثِ فخر سمجھا جاتا تھا۔ بزرگوں کے سامنے اونچی آواز میں بات کرنا بدتہذیبی شمار ہوتی تھی۔

آج والدین شکوہ کرتے ہیں کہ اولاد نافرمان ہو گئی ہے، اور اولاد کہتی ہے کہ والدین ہمیں سمجھتے نہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ ہم نے تربیت کے وہ دروازے خود بند کر دیے جن سے ادب، احترام اور محبت گھر کے اندر داخل ہوا کرتی تھی۔

ہماری خوراک بھی بدل گئی، ہماری عادتیں بھی بدل گئیں، اور ہماری ترجیحات بھی۔ وہ لسی، وہ مکھن، وہ دیسی گھی کے پراٹھے، وہ خالص دودھ اور سادہ زندگی آہستہ آہستہ ہماری دسترخوان سے رخصت ہوتے گئے۔ ان کی جگہ رنگ برنگی پیکنگ، مصنوعی ذائقے اور تیار شدہ غذاؤں نے لے لی۔ سہولت تو ملی، مگر وہ تازگی، وہ برکت اور وہ گھریلو محبت کہیں پیچھے رہ گئی۔ آج میں ترقی کا مخالف نہیں ہوں، نہ ہی میں نئی ایجادات کی اہمیت سے انکار کرتا ہوں۔ لیکن میں ضرور یہ سوال اٹھاتا ہوں کہ اگر ترقی کی قیمت ہماری تہذیب، ہمارا ادب، ہمارے بزرگ، ہمارے استاد، ہماری خاندانی محبت اور ہماری اسلامی روایات ہیں،

دعا عبادت کا مغز اور بندگی کا حقیقی شعور

تحریر: حنان خان

دعا کو عبادت کا مغز کہا گیا ہے۔ یہ صرف ایک جملہ نہیں بلکہ بندگی کا وہ عظیم تصور ہے جو انسان کو براہِ راست اپنے خالق و مالک سے جوڑ دیتا ہے۔ عبادت کی بے شمار صورتیں ہیں، لیکن دعا وہ عبادت ہے جس میں بندہ اپنے رب کے سامنے اپنی عاجزی، بے بسی، محتاجی اور کامل انکساری کا اظہار کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دعا کو عبادت کا مغز قرار دیا گیا، کیونکہ اس میں بندے کی امید، خوف، محبت، یقین، توکل اور اخلاص سب ایک ساتھ جمع ہو جاتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے اس کائنات میں کوئی چیز بغیر قانون اور نظام کے پیدا نہیں فرمائی۔ سورج اپنے مقررہ وقت پر طلوع ہوتا ہے، چاند اپنی منزلیں طے کرتا ہے، موسم اپنے وقت پر تبدیل ہوتے ہیں، دن اور رات ایک مقررہ ترتیب سے آتے ہیں۔ اسی طرح انسانی زندگی بھی اصول و ضوابط کے تحت چلتی ہے۔ دنیا کے ہر ادارے کا اپنا ایک قانون، اپنا ایک نظم اور اپنا ایک طریق؟ کار ہوتا ہے۔ چاہے وہ اسکول ہو، کالج ہو، یونیورسٹی ہو، عدالت ہو، پولیس ہو یا کوئی سرکاری و نجی ادارہ، ہر جگہ نظم و ضبط کی پابندی لازم ہوتی ہے۔ مخصوص لباس، مخصوص آداب اور مخصوص طریق؟ کار کے بغیر وہاں کام نہیں چلتا۔

افسوس کی بات یہ ہے کہ آج کا انسان دنیا کے قوانین کو تو بڑی اہمیت دیتا ہے، مگر جب اپنے رب کی بارگاہ میں حاضر ہونے کا وقت آتا ہے تو وہ اکثر ان آداب سے غافل ہو جاتا ہے جن کی تعلیم ہمیں دینِ اسلام نے دی ہے۔ ہم دنیا کے ہر کام میں کامیابی کے لیے منصوبہ بندی کرتے ہیں، مگر دعا جیسی عظیم عبادت کو محض ایک رسم بنا دیتے ہیں۔ آج ہماری زندگیوں میں ایک اور خطرناک رجحان پیدا ہو چکا ہے، اور وہ ہے شارٹ کٹ کا مزاج۔ ہم ہر چیز فوراً حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ محنت کم اور نتیجہ زیادہ چاہتے ہیں۔ عبادت میں بھی جلد بازی، دعا میں بھی بے صبری، اور زندگی کے ہر معاملے میں فوری کامیابی کی خواہش نے ہمیں صبر، استقامت اور اخلاص سے دور کر دیا ہے۔ حالانکہ دعا صرف الفاظ دہرانے کا نام نہیں بلکہ اپنے رب کے سامنے دل کھول کر حاضر ہونے کا نام ہے۔

اگر ہم اپنے دل کا جائزہ لیں تو معلوم ہوگا کہ اکثر اوقات ہماری دعا صرف زبان سے ہوتی ہے، دل سے نہیں۔ ہاتھ تو اٹھے ہوتے ہیں لیکن دل دنیا کے معاملات میں الجھا ہوتا ہے۔ زبان دعا پڑھ رہی ہوتی ہے مگر نگاہیں ادھر اُدھر گھوم رہی ہوتی ہیں۔ کبھی موبائل ہماری توجہ اپنی طرف کھینچ لیتا ہے، کبھی لوگوں کی گفتگو، کبھی ذہن کاروبار میں ہوتا ہے، کبھی ملازمت میں، اور کبھی کسی اور فکر میں۔ ایسی کیفیت میں ہم دعا تو کرتے ہیں مگر اس دعا میں وہ روح باقی نہیں رہتی جسے خشوع و خضوع کہتے ہیں۔

ہمیں ایک لمحے کے لیے رک کر یہ سوچنا چاہیے کہ ہم کس کے سامنے کھڑے ہیں؟ ہم کس سے مانگ رہے ہیں؟ وہ ذات کون ہے جس کے قبض؟ قدرت میں زمین و آسمان کے خزانے ہیں؟ وہی رب ہے جو دلوں کے بھید جانتا ہے، آنکھوں کے اشارے سمجھتا ہے، خاموش آنسوؤں کی زبان بھی سنتا ہے اور دل کی وہ بات بھی جانتا ہے جو ابھی زبان تک نہیں پہنچی۔ وہ چاہے تو بغیر ہاتھ اٹھائے کی گئی دعا بھی قبول فرما لے، اور چاہے تو بندے کی خاموش آہ کو بھی اپنی رحمت سے نواز دے۔

لیکن اس کے باوجود شریعت نے ہمیں دعا کے آداب بھی سکھائے ہیں۔ عام دعا میں ہاتھ سینے یا چہرے کے برابر اٹھانا منقول ہے، بغلوں کی سفیدی بھی نظر آنے لگی۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اصل مقصد ہاتھوں کی بلندی نہیں بلکہ دل کی عاجزی، اخلاص اور اللہ تعالیٰ کی طرف کامل توجہ ہے۔

آج ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم دعا کو صرف ایک رسم نہ سمجھیں بلکہ اسے اپنی زندگی کا شعوری حصہ بنائیں۔ جب ہم اپنے رب کے حضور ہاتھ اٹھائیں تو دل بھی اسی کی طرف متوجہ ہو، زبان بھی اخلاص سے لبریز ہو، آنکھوں میں عاجزی ہو اور یقین یہ ہو کہ میں اس رب سے مانگ رہا ہوں جس کے لیے ہو جا کہنا کافی ہے، اور وہ ناممکن کو بھی ممکن بنا دیتا ہے۔

اگر ہم اپنے معاشرے کا بغور جائزہ لیں تو ایک انتہائی افسوس ناک حقیقت ہمارے سامنے آتی ہے کہ ہم نے دعا جیسی عظیم عبادت کو بھی محض ایک رسم بنا دیا ہے۔ خاص طور پر فاتحہ خوانی، ایصالِ ثواب، اجتماعات اور دیگر دینی محافل میں جب اجتماعی دعا کا وقت آتا ہے تو وہ کیفیت بہت کم نظر آتی ہے جس کی تعلیم ہمیں قرآن و سنت نے دی ہے۔

اکثر دیکھا جاتا ہے کہ امام صاحب دعا کر رہے ہوتے ہیں، لیکن بعض لوگ موبائل فون استعمال کرنے میں مصروف ہوتے ہیں، کچھ آپس میں گفتگو کر رہے ہوتے ہیں، کچھ ادھر اُدھر دیکھ رہے ہوتے ہیں، اور بعض کی توجہ دعا کے بجائے دوسرے کاموں میں ہوتی ہے۔ زبان سے شاید "آمین" بھی کہہ دی جاتی ہے، لیکن دل اس دعا میں شریک نہیں ہوتا۔ کیا ہم نے کبھی سوچا کہ اس وقت ہم کس کی بارگاہ میں کھڑے ہیں؟ ہم کس ذات سے اپنی حاجات مانگ رہے ہیں؟ کس کے سامنے اپنی بے بسی اور محتاجی کا اظہار کر رہے ہیں؟

اللہ تعالیٰ صرف ہمارے الفاظ نہیں سنتا بلکہ ہمارے دلوں کی کیفیت کو بھی جانتا ہے۔ وہ ہماری نیت، ہمارے یقین، ہمارے اخلاص اور ہماری عاجزی کو دیکھتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دعا میں صرف الفاظ کافی نہیں، بلکہ دل کا حاضر ہونا بھی ضروری ہے۔ جب دل غافل ہو اور زبان صرف رسم پوری کر رہی ہو تو بندگی کی روح کمزور پڑ جاتی ہے۔

ذرا دنیا کی زندگی پر غور کیجیے۔ جب ہمیں کسی بااثر شخصیت سے ملنا ہو، کسی افسر کے دفتر جانا ہو، کسی عدالت میں پیش ہونا ہو یا کسی سے قرض مانگنا ہو تو ہمارا انداز بدل جاتا ہے۔ ہم اپنے لباس، گفتگو، نشست و برخاست اور آداب کا خاص خیال رکھتے ہیں۔ عدالت میں داخل ہونے سے پہلے موبائل بند کرنے کی ہدایت دی جاتی ہے، غیر ضروری گفتگو سے روکا جاتا ہے، اور ہر شخص عدالت کے وقار کا احترام کرتا ہے، کیونکہ اسے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ایک بااختیار ادارے کے سامنے کھڑا ہے۔ اب ذرا اپنے دل سے سوال کیجیے کہ جب ہم اللہ رب العزت کی بارگاہ میں حاضر ہوتے ہیں تو کیا ہمارا ادب، ہماری توجہ اور ہماری عاجزی دنیا کی عدالت سے بھی کم ہونی چاہیے؟ اگر ایک دنیاوی عدالت کے چند ضابطے ہماری توجہ اپنی طرف مبذول کر سکتے ہیں تو پھر اس رب کریم کی بارگاہ میں، جو زمین و آسمان کا مالک ہے، ہماری کیفیت کیسی ہونی چاہیے؟

دعا کا مطلب صرف اپنی ضروریات بیان کرنا نہیں، بلکہ اپنے رب کے سامنے اپنی بندگی کا اقرار کرنا بھی ہے۔ دعا انسان کے دل میں امید پیدا کرتی ہے، مایوسی کو ختم کرتی ہے، ایمان کو مضبوط کرتی ہے اور بندے کو اپنے رب سے جوڑ دیتی ہے۔ جو شخص دعا کی حقیقت کو سمجھ لیتا ہے، وہ جان لیتا ہے کہ دنیا کی ہر طاقت محدود ہے، مگر اللہ تعالیٰ کی قدرت اور رحمت کی کوئی حد نہیں۔

ہمیں اپنے گھروں، اپنی مساجد، اپنی دینی محافل اور اپنی انفرادی زندگی میں دعا کا صحیح شعور پیدا کرنا ہوگا۔ بچوں کو دعا کے آداب سکھانے ہوں گے، نوجوانوں کو دعا کی اہمیت سمجھانی ہوگی، اور بڑوں کو اپنی عملی مثال سے یہ پیغام دینا ہوگا کہ دعا صرف ایک رسم نہیں بلکہ بندگی کی معراج ہے۔

آج ضرورت اس بات کی ہے کہ جب بھی ہم اپنے رب کے حضور ہاتھ اٹھائیں تو ہماری نگاہیں جھکی ہوں، دل میں خوفِ خدا ہو، زبان پر اخلاص ہو، آنکھوں میں نمی ہو، اور یقین کامل ہو کہ میرا رب میری ہر بات سن رہا ہے۔ وہ میرے دل کی آواز بھی جانتا ہے، میری خاموش آہوں کو بھی سنتا ہے، اور اگر وہ چاہے تو ایک لمحے میں میری تقدیر بدل سکتا ہے۔

آیئے! آج ہم عہد کریں کہ آئندہ دعا کو معمولی عمل نہیں سمجھیں گے، بلکہ اسے اپنی زندگی کی سب سے عظیم عبادت سمجھ کر اس کے تمام ظاہری اور باطنی آداب کا اہتمام کریں گے۔ جب دعا کریں گے تو پوری توجہ، عاجزی، محبت، ادب، اخلاص اور کامل یقین کے ساتھ کریں گے، کیونکہ دعا صرف مانگنے کا نام نہیں بلکہ اپنے رب سے تعلق مضبوط کرنے، اس پر کامل بھروسہ کرنے اور اپنی بندگی کا اظہار کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ دعا کا مطلب صرف اپنی ضروریات بیان کرنا نہیں، بلکہ اپنے رب کے سامنے اپنی بندگی کا اقرار کرنا بھی ہے۔ دعا انسان کے دل میں امید پیدا کرتی ہے، مایوسی کو ختم کرتی ہے، ایمان کو مضبوط کرتی ہے اور بندے کو اپنے رب سے جوڑ دیتی ہے۔ جو شخص دعا کی حقیقت کو سمجھ لیتا ہے، وہ جان لیتا ہے کہ دنیا کی ہر طاقت محدود ہے، مگر اللہ تعالیٰ کی قدرت اور رحمت کی کوئی حد نہیں۔

ہمیں اپنے گھروں، اپنی مساجد، اپنی دینی محافل اور اپنی انفرادی زندگی میں دعا کا صحیح شعور پیدا کرنا ہوگا۔ بچوں کو دعا کے آداب سکھانے ہوں گے، نوجوانوں کو دعا کی اہمیت سمجھانی ہوگی، اور بڑوں کو اپنی عملی مثال سے یہ پیغام دینا ہوگا کہ دعا صرف ایک رسم نہیں بلکہ بندگی کی معراج ہے۔

آج ضرورت اس بات کی ہے کہ جب بھی ہم اپنے رب کے حضور ہاتھ اٹھائیں تو ہماری نگاہیں جھکی ہوں، دل میں خوفِ خدا ہو، زبان پر اخلاص ہو، آنکھوں میں نمی ہو، اور یقین کامل ہو کہ میرا رب میری ہر بات سن رہا ہے۔ وہ میرے دل کی آواز بھی جانتا ہے، میری خاموش آہوں کو بھی سنتا ہے، اور اگر وہ چاہے تو ایک لمحے میں میری تقدیر بدل سکتا ہے۔

آیئے! آج ہم عہد کریں کہ آئندہ دعا کو معمولی عمل نہیں سمجھیں گے، بلکہ اسے اپنی زندگی کی سب سے عظیم عبادت سمجھ کر اس کے تمام ظاہری اور باطنی آداب کا اہتمام کریں گے۔ جب دعا کریں گے تو پوری توجہ، عاجزی، محبت، ادب، اخلاص اور کامل یقین کے ساتھ کریں گے، کیونکہ دعا صرف مانگنے کا نام نہیں بلکہ اپنے رب سے تعلق مضبوط کرنے، اس پر کامل بھروسہ کرنے اور اپنی بندگی کا اظہار کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ دعا کا مطلب صرف اپنی ضروریات بیان کرنا نہیں، بلکہ اپنے رب کے سامنے اپنی بندگی کا اقرار کرنا بھی ہے۔ دعا انسان کے دل میں امید پیدا کرتی ہے، مایوسی کو ختم کرتی ہے، ایمان کو مضبوط کرتی ہے اور بندے کو اپنے رب سے جوڑ دیتی ہے۔ جو شخص دعا کی حقیقت کو سمجھ لیتا ہے، وہ جان لیتا ہے کہ دنیا کی ہر طاقت محدود ہے، مگر اللہ تعالیٰ کی قدرت اور رحمت کی کوئی حد نہیں۔

ہزاروں فٹ نیچے دفن ہوتی زندگیاں، اوپر خاموش ضمیر

تحریر: ذوالفقار علی طارق قادری

کوئٹہ کے نواحی علاقے سورینج میں پیش آنے والا المناک سانحہ صرف چند خاندانوں کا المیہ نہیں بلکہ پورے بلوچستان کے لیے ایک ایسا زخم ہے جو برسوں تک نہیں بھر سکے گا۔ اس دردناک واقعے میں بے شمار محنت کش لقمہ اجل بن گئے، کئی خاندان اجڑ گئے اور ایک ہی گھر کے چار بھائی اپنے پیاروں سے ہمیشہ کے لیے بچھڑ گئے۔ ایسے دل دہلا دینے والے مناظر نے ہر حساس دل کو غمزدہ کر دیا ہے۔ پورا بلوچستان سوگوار ہے اور ہر آنکھ اشکبار ہے، مگر سوال یہ ہے کہ کیا یہ سانحہ بھی ماضی کے دیگر حادثات کی طرح چند دن کی خبروں تک محدود رہ جائے گا یا اس بار واقعی کوئی تبدیلی آئے گی؟

کوئلہ کانوں میں کام کرنے والے مزدور وہ لوگ ہیں جو روزانہ ہزاروں فٹ زیرِ زمین اترتے ہیں۔ ان کے سروں پر اندھیرا، چاروں طرف پتھر، گیسوں کا خطرہ، کان بیٹھ جانے کا خدشہ اور ہر لمحہ موت کا سایہ منڈلا رہا ہوتا ہے، مگر اس کے باوجود وہ اپنے بچوں کی بھوک مٹانے اور اپنے خاندان کی کفالت کے لیے اپنی جان خطرے میں ڈال کر رزقِ حلال کماتے ہیں۔ شاید ہم میں سے بہت کم لوگ اس اذیت کا اندازہ کر سکتے ہیں جو ایک کان کن روزانہ برداشت کرتا ہے۔

یہ کوئی پہلا حادثہ نہیں۔ مچھ، دکی، سورینج، اسپین کاریز اور بلوچستان کے دیگر کوئلہ پیدا کرنے والے علاقوں میں اس سے پہلے بھی کئی سانحات رونما ہو چکے ہیں۔ ہر

بقیہ 1

کہا کہ وہ مزید قرضہ کی کارروائی کے بجائے سفارشی کیس کو ترجیح دیتے ہیں، تاہم امریکا کے بنیادی موقف کو کوئی تبدیلی نہیں آئی، میں معاہدہ کرنا نہیں چاہتا، کیونکہ میں لوگوں کو نہ مانا نہیں چاہتا، لیکن ایران کو جوہری ہتھیار رکھنے کی اجازت ہرگز نہیں دی جا سکتی۔ یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب فروٹ انتقامیہ اور ایران کے درمیان آئندہ ہرمز کو دوبارہ بحری راستہ کھولنے کیلئے مذاکرات جاری ہیں۔ دریں اثنا امریکی میڈیا کے مطابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا ہے کہ امریکا کے پاس بڑے پیمانے پر اسلحہ اور گولہ بارود کے ذخائر موجود ہیں۔ ایک بیان میں ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ بڑے پیمانے پر اسلحہ جمع کیا جا رہا ہے اور ضرورت کے مطابق متحرک بھی جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کوئی ایٹمی ہتھیار نہیں ہیں، یہ روایتی ہتھیار ہیں، ہم ایران کو ایٹمی ہتھیار حاصل نہیں کرنے دیں گے

کوئٹہ سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بارخان ڈاہر مینگل سب کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

بینٹ کام کا بحری ناکہ۔ بندی کے دوران مزید 55 تجارتی جہازوں کا رخ موڑنے کا دعویٰ

فلوریڈا (یو این اے) امریکی فوج کی سینٹرل کمانڈ نے بینٹ کام (ناکہ) نے کہا ہے کہ اس نے ایران کے خلاف بحری ناکہ بندی کے دوران اب تک 55 تجارتی بحری جہازوں کا رخ موڑ دیا۔ سنٹرل کمانڈ کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں بینٹ کام نے کہا کہ یہ قدم اگر نشہ وز نہ تاے گئے

سندھ حکومت کا 14 اگست کو عام تعطیل کا اعلان کردیا

کراچی (اے این این) حکومت سندھ نے یوم آزادی پاکستان کے موقع پر 14 اگست 2026 بروز جمعہ صوبے بھر میں عام تعطیل کا باضابطہ اعلان کر دیا ہے اس حوالے سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق تعطیل کے دوران صوبے بھر کے تمام سرکاری اور نیم سرکاری دفاتر مکمل طور پر بند رہیں گے۔

حج 2027 مکمل ڈیجیٹل کردیا گیا، وفاقی وزیر مذہبی امور

4لاکھ رجسٹرڈ عازمین درخواستیں دے سکیں گے، اگلے سال کیلئے 40روزہ حج اسکیم کا پیکیج 12لاکھ روپے مقرر کیا گیا ہے

حبیب بینک لمیٹڈ وزارت مذہبی امور کا مجاز بینکنگ پارٹنر مقرر کردیا گیا، عازمین گھر بیٹھے پاک ایپ کے ذریعے چند منٹ میں ادائیگی مکمل کرسکیں گے، پریس کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (بی این ایم) وفاقی وزیر مذہبی امور سردار یوسف نے کہا کہ تقریباً 4لاکھ ویزہ رجسٹرڈ عازمین درخواستوں کے حتمی مرحلے میں داخل ہوگئے ہیں، ڈیجیٹل نظام کا مقصد عازمین کو طویل قطاروں، غیر ضروری سفارشات اور اضافی اخراجات سے بچانا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حج اجازت کے

زیارت، پولیس چوکی کی بارودی مواد سے تباہ، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

کوئٹہ (بی این ایم) بلوچستان کے ضلع زیارت میں پولیس چوکی بارودی مواد سے تباہ کردیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق زیارت میں سنیاوی کے علاقے قلعہ بغا پولیس چوکی کو نامعلوم افراد نے بارودی مواد سے تباہ کردیا۔ دھماکے کے وقت پولیس چوکی خالی تھی۔ واقعے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، رات کے سمے نامعلوم افراد نے پولیس چوکی کو دھماکے سے اڑا دیا۔

جشن آزادی آمد، ملک بھر میں بازاروں میں سبز ہلالی پرچموں کی بہار

اسلام آباد، لاہور (بی این ایم) ملک بھر میں یوم آزادی کی تیاریاں بھرپور انداز میں جاری ہیں ہر طرف سبز ہلالی پرچموں کی بہار ہے، جھنڈیوں اور برقی قمقموں نے بازاروں، شاہراہوں اور اہم مقامات کی رونقیں بڑھا دیں۔ بازاروں میں سبز و سفید جھنڈیاں اور بیجز شہریوں کی توجہ کا مرکز ہیں، بچوں کیلئے سبز و سفید لباس، قومی پرچم سے مزین اشیا اور گاڑیوں کی سجاوٹ کے سامان کی خریداری بھی زور پکڑ رہی ہے۔ لاہور، کراچی اور اسلام آباد

تربلیمن ڈالر اکانومی مشن، حکومت کا 12 اگست وڈن پاکستان 2047 لانچ کرنے کا فیصلہ

ملکی معیشت، ترقی اور مختلف معاشی گوشوں کیلئے طویل المدتی پروگرام متعارف کرایا جائے گا، ذرائع وزیراعظم ہاؤس

اسلام آباد (بی این ایم) حکومت نے تربلیمن ڈالر اکانومی کے ہدف کے طرف اہم پیش رفت کرتے ہوئے 12 اگست کو ویژن پاکستان 2047 لانچ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ذرائع وزیراعظم آفس کا کہنا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف ویژن پاکستان 2047 پروگرام کا باضابطہ آغاز کریں گے، جس کے تحت ملکی معیشت، ترقی اور

ڈیرہ پنجگی میں گیارہ ہزار بجلی کی تاریں گرنے سے کرنٹ لگنے سے نوجوان جاں بحق

ڈیرہ مراد جمالی (اے این این) ڈیرہ پنجگی میں گیارہ ہزار بجلی کی تاریں گرنے سے کرنٹ لگنے سے نوجوان جاں بحق ہوگیا پولیس کے مطابق ڈیرہ پنگی کے علاقے سمو گلا کوٹی میں بجلی کی گیارہ ہزار تاریں گرنے سے کرنٹ لگنے سے نوجوان یونس ولد رضو جمالی بجلی جاں بحق ہوگیا، واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور تفتیش کی۔ ذرائع کے مطابق

پی ٹی آئی احتجاج کی کال ناکام، اراکین اسمبلی کے نہ آنے پر سلمان راجہ پھٹ پڑے

میں نے لڑکر اڑا کر اپنا کی تھی بائیکاٹ کے باہر پہنچیں

اسلام آباد (بی این ایم) پی ٹی آئی کی اسلام آباد میں بائیکاٹ کے سامنے اراکین اسمبلی کے احتجاج کی کال ناکام ہوگئی تفصیل کے مطابق کنٹرشدہ اجلاس میں تمام پارلیمنٹرز کو پیر کو پریس بیک اسلام آباد بائیکاٹ پہنچنے کی ہدایت کی گئی تھی تاہم عمر چھیا بائیکاٹ اسلام آباد بائیکاٹ پہنچے جن میں علی محمد خان، بیگزر مشعال خان یوسفزئی، بیگزر فلک ناز

گرین پاکستان انیشیٹو کے تحت بلوچستان میں ہزاروں ایکڑ زمین قابل کاشت

قصد صیف اللہ درمیں 3ہزار 800، کلزر زمین قابل کاشت بنائی گئی، اس مقصد کے لیے 144 شمسی ٹیوب ویل بھی نصب

کوئٹہ (اے این این) گرین پاکستان انیشیٹو (جی پی آئی) کے تحت بلوچستان میں زرعی ترقی اور متاثر زمینداروں کی خوشحالی کے لیے اہم منصوبے کامیابی سے مکمل کر لیے گئے ہیں جن کے نتیجے میں ہزاروں ایکڑ بنجر زمین کو قابل کاشت بنایا گیا ہے۔ گرین پاکستان انیشیٹو کے فیز دوئم کے تحت ذکی قصد صیف اللہ درمیں میں 3 ہزار 800 ایکڑ زمین قابل کاشت بنائی گئی ہیں۔ اس مقصد کے لیے 144 شمسی ٹیوب ویل بھی نصب کیے گئے۔ فیز نو کے تحت کوہلو،

پشاور، یوم آزادی پر "با جوں کی خرید وفروخت پر مکمل پابندی عائد

پشاور (اے این این) 14 اگست کے موقع پر پشاور میں باجوں، کھلونا پستولوں اور پٹاخوں کی خرید و فروخت پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی۔ تفصیل کے مطابق جشن آزادی کی تقریبات کے موقع پر امن و امان کی قیام اور عوامی سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے ضلع انتظامیہ پشاور نے حفاظتی اقدامات کا اعلان کیا ہے۔ ضلع انتظامیہ پشاور کے مطابق باجوں

پنجگور، چیدگی کے علاقے سے 5 نامعلوم افراد کی لاشیں برآمد

لاشیں شناخت کے لیے ٹیچنگ ہسپتال منتقل، واقعے کی مزید تفصیلات سامنے نہ آسکیں

پنجگور (یو این ایم) پنجگور کے علاقے چیدگی سے پانچ نامعلوم افراد کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق لاشیں ملنے کی اطلاع پر متعلقہ حکام نے موقع پر پہنچ کر لاشیں شناخت کے لیے ٹیچنگ ہسپتال منتقل کردیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ تمام لاشوں کی شناخت اور واقعے کی مکمل نوعیت کے بارے میں مزید تفصیلات سامنے نہیں آسکیں۔ پنجگور کے علاقے چیدگی سے پانچ نامعلوم افراد کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق لاشیں ملنے کی اطلاع پر متعلقہ حکام نے موقع پر پہنچ کر لاشیں شناخت کے لیے ٹیچنگ ہسپتال منتقل کردیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ تمام لاشوں کی

کوئٹہ، ذیرعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے جرمنی کے اعزازی قونصل میر مراد بلوچ ملاقات کررہے ہیں

اسلام آباد ہائیکورٹ، جبر تعیناتی کی سمری منظور نہ ہونے پر صدر اور وزیراعظم کو نوٹس

صدر کے اختیار کا معاملہ بعد میں دیکھیں گے، ابھی وفاق حکومت جائے کہ 15 دن گزرنے کے بعد کیا کیا ہے، جسٹس ارباب محمد طاہر

اسلام آباد (بی این ایم) اسلام آباد ہائیکورٹ نے سی جی آر کی تعیناتی کے متعلق سمری کی منظوری نہ ہونے کے تنازع پر صدر اور وزیراعظم کو ایکٹر نیز کے ذریعے آج (منگل) کیلئے نوٹس جاری کر دیے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری کی جانب سے سمری منظوری نہ ہونے کے خلاف دو درخواست پر نوٹس جاری کیے گئے، عدالت نے وزارت قانون کو بھی آج کیلئے نوٹس جاری کر کے جواب طلب کرلیا ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے منگل تک جواب

ڈیرہ مراد جمالی جشن آزادی کی تیاریاں عروج پر پہنچ گئیں

ڈیرہ مراد جمالی (اے این این) ڈیرہ مراد جمالی جشن آزادی کی تیاریاں عروج پر پہنچ گئیں سرکاری دفاتر سرکاری عمارتوں کی اداروں جشن رکاوٹ اور لائٹس دام پلک مقامات پر سبز ہلالی پرچم رنگ برنگی جھنڈیوں سے سجا دیا گیا دال چائنگ اور چراغ کا عمل بھی شروع کر دیا گیا جنکہ سکھوری کے فول پروف انتظامات پولیس کے تحت میں اضافہ اسٹیپ چیکنگ شروع کر دی گئی شہریوں میں جشن آزادی منانے کے لیے جوش وخروش پایا جارہا ہے۔

ڈیرہ مراد جمالی میں 11 ہزار 800 ایکڑ زمین قابل کاشت

کوئٹہ (اے این این) گرین پاکستان انیشیٹو (جی پی آئی) کے تحت بلوچستان میں زرعی ترقی اور متاثر زمینداروں کی خوشحالی کے لیے اہم منصوبے کامیابی سے مکمل کر لیے گئے ہیں جن کے نتیجے میں ہزاروں ایکڑ بنجر زمین کو قابل کاشت بنایا گیا ہے۔ گرین پاکستان انیشیٹو کے فیز دوئم کے تحت ذکی قصد صیف اللہ درمیں میں 3 ہزار 800 ایکڑ زمین قابل کاشت بنائی گئی ہیں۔ اس مقصد کے لیے 144 شمسی ٹیوب ویل بھی نصب کیے گئے۔ فیز نو کے تحت کوہلو،

اسلام آباد ہائیکورٹ نے 11 اگست کو وڈن پاکستان 2047 کا اجلاس طلب کرلیا

اسلام آباد (بی این ایم) اسلام آباد ہائیکورٹ نے وڈن پاکستان 2047 کا اجلاس 11 اگست کو طلب کرلیا ہے۔ اجلاس کا ایجنڈا معاشی ترقی، خوشحالی اور انویشن کے مواقع فراہم کرنے کیلئے مخصوص پروگرام کی منظوری شامل کی جائیں گے۔ حکومت نے وزارت منصوبہ بندی کے اذران پاکستان پیپلز پارٹی کا ویژن پاکستان 2047 پیش

ڈیرہ مراد جمالی میں گیارہ ہزار بجلی کی تاریں گرنے سے کرنٹ لگنے سے نوجوان جاں بحق

ڈیرہ مراد جمالی (اے این این) ڈیرہ پنجگی میں گیارہ ہزار بجلی کی تاریں گرنے سے کرنٹ لگنے سے نوجوان جاں بحق ہوگیا پولیس کے مطابق ڈیرہ پنگی کے علاقے سمو گلا کوٹی میں بجلی کی گیارہ ہزار تاریں گرنے سے کرنٹ لگنے سے نوجوان یونس ولد رضو جمالی بجلی جاں بحق ہوگیا، واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور تفتیش کی۔ ذرائع کے مطابق

مستونگ، کاریز عائشہ پڑنگ آباد میں مسلح افراد کی فائرنگ، ایک شخص جاں بحق

لاش کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا، مقتول کی شناخت عبدالمالک کے نام سے ہوئی، ہسپتال ذرائع

مستونگ (بی این ایم) مستونگ میں دل خان پولیس تھانہ کے حدود کاریز عائشہ پڑنگ آباد میں مسلح افراد نے فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں ایک شخص موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق، واقعے کے فوراً بعد لاش کو شہید نواب غوث بخش رئیسانی میموریل ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ہسپتال ذرائع نے جاں بحق ہونے والے شخص کی شناخت

ملک کے ساحلی علاقے کے قریب زلزلے کے جھٹکے، شدت 4.5 ریکارڈ کی گئی

کراچی (بی این ایم) لسبیلہ بندر کے قریب زلزلے کی ملک کے ساحلی علاقے کے قریب زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق لسبیلہ بندر کے قریب زلزلے کی شدت 4.5 ریکارڈ کی گئی۔ زلزلے کی گہرائی 40 کلومیٹر تھی جس کا مرکز کینجی بندر سے 156 کلومیٹر جنوب مغرب میں سمندر میں تھا۔

کراچی، مبینہ پولیس مقابلوں میں 4 ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

کراچی (بی این ایم) کراچی کے مختلف علاقوں میں مبینہ پولیس مقابلوں کے دوران 4 ملزموں کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق کورنگی انڈسٹریل ایریا پولیس کا کانڈہ ندی کے قریب مبینہ مقابلہ ہوا جس کے نتیجے میں 2 ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کیا گیا ہے۔ ایک ملزم کو موقع پر ہی ہلاک کر دیا گیا۔ ایسٹ ریلوے پولیس کا کانڈہ ندی کے قریب مبینہ مقابلہ ہوا جس کے نتیجے میں 2 ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کیا گیا۔

بہاولنگر، ٹرک اور مسافر ویں میں تصادم، ایک شخص جاں بحق، 2 افراد شدید زخمی

بہاولنگر (بی این ایم) بہاولنگر علاقہ مروت روڈ پر ٹرک اور مسافر ویں میں تصادم کے نتیجے میں ایک شخص موقع پر جاں بحق جبکہ 2 افراد شدید زخمی ہوگئے، حادثے کی اطلاع پر پولیس کی بھاری نفری اور امدادی ٹیمیں بھی موقع پر پہنچ گئیں، جاں بحق ہونے والے شخص کی لاش اور زخمیوں کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

سعودی عرب میں فیکٹری میں آگ لگنے سے 16 بنگلادیشی مزدور جاں بحق

لاہور (بی این ایم) سعودی عرب میں ایک صوبے میں آگ لگنے سے 16 بنگلادیشی جاں بحق ہوگئے۔ بنگلہ دیش کی وزارت برائے مہاجرین کی بہبود اور سیزنر ایمپائر نیٹ نے فیکٹریوں ڈیپارٹمنٹ کا بورڈ ہوئے کا آگاہ ہوگیا ہے۔ پاکستان

پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی معاہدے کا خیر مقدم

اس سفرفیق تعاون سے پاک۔افغان سرحد کے قریب واقع دہشتگرد کیمپ حساس اطلاع پر سکیورٹی ایجنسیز کو ہاتھ لگ گئے

شہر (ذرخ ن) پاکستان کے وزیر داخلہ و سرحد خالد لنڈ (ر) نے اپنے پیغام میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے مابین مشترکہ امن معاہدے کو خطے میں پیش رفت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اتحاد متفقہ امن وامان، دہشت گردی کے خاتمے، اقتصادی

ایران کو فوجی دباؤ سے زیادہ امریکی اقتصادی پابندیوں کی فکر ہے، امریکہ

سکاٹ بیسنٹ کی قیادت میں آئرین اکنامک فیوری ایرانی معیشت کو شدید نقصان پہنچا رہا ہے، حماس کو دوبارہ اسرائیل پر حملے کی اجازت نہیں دی گے

جاس ہتھیار پھینک دے ورنہ اسرائیلی فوج اس سے ہتھیار بزور طاقت چھین لے گی، اقوام متحدہ میں امریکی سفیر کا انتبرو

شہر (ذرخ ن) اقوام متحدہ میں امریکی سفیر مائیک والٹز نے کہا ہے کہ ایران کو فوری دباؤ سے زیادہ امریکی اقتصادی پابندیوں کی فکر ہے جبکہ حماس کو دوبارہ اسرائیل پر حملے کی اجازت نہیں دی گے۔ فاکس نیوز کو انٹرویو میں امریکی مندوب مائیک والٹز نے کہا کہ ایران کو وزیر خزانہ اسکاٹ بیسنٹ

پیپلز پارٹی کا پارلیمان میں حکومت سے تعاون نہ کرنے کا فیصلہ

منظوری کے مرحلے میں بھی حکومتی بلوں کی مخالفت کی جائے گی، پیپلز پارٹی کمیٹیوں میں حکومتی بلوں کے حوالے سے ضروری ترامیم بھی پیش کرے گی

پیپلز پارٹی قانون سازی کے عمل میں بھی حکومت کا ساتھ نہیں دے گی، پیپلز پارٹی قائمہ کمیٹیوں میں حکومتی بلوں کو سپورٹ نہیں کرے گی، ذرائع

اسلام آباد (اے این این) پیپلز پارٹی کی جانب سے پارلیمان میں حکومت سے تعاون نہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی کمیٹیوں میں حکومتی بلوں کو سپورٹ نہیں کرے گی، جبکہ منظوری کے مرحلے میں بھی حکومتی بلوں کی مخالفت کی جائے گی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پیپلز پارٹی قائمہ کمیٹیوں میں حکومتی بلوں کے حوالے سے ضروری ترامیم بھی پیش کرے گی۔ پیپلز

ثوب، اساتذہ کی غیر حاضری اور مہنگی وردی کے خلاف طلبہ کا احتجاج، کوئٹہ قومی شاہراہ بلاک

انتظامیہ کی یقین دہانی اور کامیاب مذاکرات کے بعد دھرنا ختم، ٹریفک بحال ہیں، ذرائع

ثوب (یو این ایم) کے گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری اسکول علی خان زئی کے درجنوں طلباء مبینہ طور پر اساتذہ کی غیر حاضری اور مہنگی وردی، کیپ اور بیجز کی فراہمی کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے کوئٹہ قومی شاہراہ بلاک کر دی طلباء قومی شاہراہ پر دھرنا دیا، جس کے باعث ٹریفک کی روانی معطل ہوگئی اور

کوئٹہ، مسلم لیگ فنکشنل کے رہنماء ڈاکٹر عبدالرحمد کھوسو و اقتدار طارقی سے ملاقات کررہے ہیں

پشاور ہائیکورٹ پاکستان میں مقیم 2 افغان صحافیوں کو ملک بدر نہ کرنے کا حکم

وفاقی حکومت کو دو ماہ میں درخواست گزاروں کے کیس کا تعین کرنے کی ہدایت

پشاور (بی این ایم) پشاور ہائیکورٹ نے افغانستان سے تعلق رکھنے والے دو صحافیوں کو ملک بدر نہ کرنے کا حکم جاری کر دیا۔ ہائیکورٹ نے پاکستان میں قیام کی درخواستوں پر تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ عدالت نے حکم دیا کہ وفاقی حکومت دو ماہ میں درخواست گزاروں کے کیس کا تعین کرے۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ درخواست گزار اسید احسان اللہ صافی اور سید مرتضیٰ احمد افغان صحافی ہیں جو قانونی ویزے پر پاکستان آئے اور اس وقت پاکستان میں مقیم ہیں، درخواست گزاروں نے

آزاد کشمیر انتخابات کا تیسرا مرحلہ، باغ میں پولنگ سے قبل ہی گن پوائنٹ پر بیلٹ پیپر زچھین لے گئے

پیپلز پارٹی کا ان کیڈ پر چور دھاندلی کا الزام، چیف الیکشن کمشنر آزاد کشمیر کو شکایت بھی درج کرادی گئی

باغ (بی این ایم) آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے تیسرے مرحلے کے انتخابات کے دوران باغ میں بنی منیاسان پولنگ اسٹیشن پر پولنگ شروع ہونے سے قبل ہی سینہ بردار گن پوائنٹ پر بیلٹ پیپر زچھین لے گئے جبکہ پیپلز پارٹی کا کان کیڈ پر ایک بار پھر

پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی معاہدے کا خیر مقدم

اس سفرفیق تعاون سے پاک۔افغان سرحد کے قریب واقع دہشتگرد کیمپ حساس اطلاع پر سکیورٹی ایجنسیز کو ہاتھ لگ گئے

شہر (ذرخ ن) پاکستان کے وزیر داخلہ و سرحد خالد لنڈ (ر) نے اپنے پیغام میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے مابین مشترکہ امن معاہدے کو خطے میں پیش رفت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اتحاد متفقہ امن وامان، دہشت گردی کے خاتمے، اقتصادی

پاکستان کو ہیلتھ ٹورازم کا علاقائی مرکز بنانے کی تیاری گی

ویزا پالیسی میں نرمی اور خصوصی سہولیات فراہم کی جائیں گی

اسلام آباد (بی این ایم) پاکستان کو ہیلتھ ٹورازم کا علاقائی مرکز بنانے کی تیاری شروع کردی گئی۔ اس میں ٹی ایف ای، وزارت صحت اور ہیلتھ ٹورازم ورکنگ گروپ نے ہیلتھ ٹورازم کے فروغ کیلئے منصوبہ تیار کیا ہے۔ منصوبے کے تحت دنیا بھر سے آنے والے مریضوں کو پاکستان میں کم لاگت پر معیاری علاج کی سہولیات فراہم کی جائیں گی، ہیلتھ ٹورازم کے ساتھ ویزا پالیسی میں نرمی اور خصوصی سہولیات بھی فراہم کی جائیں گی۔ وزیر اعظم صحت کارڈ کے ای ہیلتھ ٹورازم کے تحت دنیا بھر سے آنے والے

کوئٹہ، پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی کونسل کے رکن عبدالقہار بلوچ سے پارٹی رہنما مارشل علی کررہے ہیں

پاکستان، سعودی، ترکیہ کے درمیان دفاعی معاہدہ خوش آئند ہے، رمضان پال

اس فیصلے کے معاہدے مسلمانوں کے درمیان اتحاد، یکجہتی اور بھائی چارے کو مضبوط بنانے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں

اسلام آباد (ذرخ ن) پاکستان سنٹرل ایشیا محمد رمضان پال نے حالیہ مکہ۔ ماہی وفاقی معاہدے پر تفصیلی روشنی ڈالتے ہوئے اسے ملکی سلامتی، علاقائی استحکام اور برادر اسلامی ممالک کے درمیان مضبوط اور پائیدار تعلقات کے فروغ کے لیے ایک نہایت اہم سنگ میل قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ یہ معاہدہ پاکستان سعودی عرب اور ترکی کے مابین باہمی اعتماد وفاقی اشتراک اسٹریٹجک تعاون اور مشترکہ مفادات کے تحفظ کی

موبائل فونز برآمد ہونے پر اڈیالہ جیل کے 3 قیدی ایک جیل منتقل

راولپنڈی (یو این اے) موبائل فونز برآمد ہونے پر اڈیالہ جیل کے 3 قیدیوں کو ایک جیل منتقل کر دیا گیا، جیل ذرائع کے مطابق حفاظتی کے دوران اڈیالہ جیل میں چیکنگ کے دوران موبائل فونز برآمد ہونے پر 3 قیدیوں کو ایک جیل سے دوسری جیل منتقل کر دیا گیا۔ جیل ذرائع کے مطابق حفاظتی کے دوران اڈیالہ جیل میں چیکنگ کے دوران موبائل فونز برآمد ہونے پر 3 قیدیوں کو ایک جیل سے دوسری جیل منتقل کر دیا گیا۔ بند ہی بھگدڑ مچا دی گئی

بلوچستان میں شہید ہونے والے چیک جمعیرہ کے سپوت عنصر بھٹی کی نماز جنازہ ادا

قیصل آباد (اے این این) قیصل آباد کے جمعیرہ بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے چیک جمعیرہ کے سپوت عنصر بھٹی کی نماز جنازہ ادا ہوئی۔ آبائی گاؤں 16 جی۔ پنا کے میں ادا کردی گئی۔ نماز جنازہ میں اہل علاقہ، عزیز واقارب اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

سوات، پولیس نے چیک پوسٹ پر دہشت گردوں کا حملہ ناکام بنادیا، 2 دہشتگرد زخمی

سوات (بی این ایم) تیمرگرہ تھانوں کے ضلع سوات میں پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے چیک پوسٹ پر دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنادیا۔ پولیس ترجمان کے مطابق سوات کے علاقے جارکو گوٹا میں پولیس چیک پوسٹ پر فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنادیا گیا جہاں 12 زخمی دہشتگردوں نے گزشتہ رات چاٹیل پولیس پوسٹ پر حملہ کیا۔ پولیس ترجمان نے بتایا کہ پولیس اہلکاروں کی بروقت جوابی کارروائی سے دہشتگرد فرار ہوگئے

مکہ معاہدہ ایک دفاعی معاہدہ ہے لڑنے کیلئے نہیں، جاوید چوہدری

ایران نہیں کرتا کہ کسی پر حملہ کردے گا تو کیلئے پاکستان اس کے ساتھ کھڑا ہوجائے گا، جمعہ کا روز تاجر م

اسلام آباد (بی این ایم) معروف تجزیہ کار جاوید چوہدری نے مکہ معاہدہ، پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کے باہمی دفاعی تعاون پر کہا ہے کہ یہ معاہدہ بنیادی طور پر کوئی دفاعی معاہدہ ہے اور اسے کسی ملک کے خلاف جنگی اتحاد کے طور پر نہیں دیکھا جانا چاہیے۔ اس ضمن میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس معاہدے کا مقصد یہ نہیں کہ اگر ترکیہ کی طرف سے کوئی حملہ کرے تو پاکستان لازماً اپنی فوجی بنیادی ساز وسامان کے اگر اس کے ساتھ میدان میں اتر آئے، ایسا نہیں ہوگا بلکہ تینوں ممالک ایک دوسرے کے خلاف جنگی اتحاد کے طور پر نہیں دیکھا جانا

پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی معاہدے کا خیر مقدم

اس سفرفیق تعاون سے پاک۔افغان سرحد کے قریب واقع دہشتگرد کیمپ حساس اطلاع پر سکیورٹی ایجنسیز کو ہاتھ لگ گئے

شہر (ذرخ ن) پاکستان کے وزیر داخلہ و سرحد خالد لنڈ (ر) نے اپنے پیغام میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے مابین مشترکہ امن معاہدے کو خطے میں پیش رفت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اتحاد متفقہ امن وامان، دہشت گردی کے خاتمے، اقتصادی

مکہ دفاعی معاہدہ سلام آباد کی شرط قبول کرنے کے عزم کی بنا پر جماعت اسلامی

پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں معاہدے سے متعلق آگہی دی جائے، سیاسی بحرانوں کا خاتمہ قومی مطالبہ بن گیا ہے

بلوچستان، خیبر پختونخوا اور آزاد کشمیر کی صورتحال پر قومی کانفرنس بلائی جائے، نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ کا مطالبہ

لاہور (بی این ایم) نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ دفاعی معاہدہ اسلام آباد میں ہونا تھا تحفظات اور اعتراضات کا ازالہ ہوجائے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم بلوچستان، خیبر پختونخوا اور آزاد کشمیر کی صورتحال پر بلاتاخیر قومی کانفرنس بلائیں۔ میں ضروری ہے کہ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں اس معاہدے سے متعلق آگہی دی جائے خلاء وفاقی ترکیہ دفاعی معاہدہ اسلام آباد میں ہوتا کہ تحفظات اور اعتراضات کا ازالہ ہوجائے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم بلوچستان، خیبر پختونخوا اور آزاد کشمیر کی صورتحال پر بلاتاخیر قومی کانفرنس بلائیں۔ سیاسی بحرانوں کا خاتمہ قومی مطالبہ بن گیا ہے۔ کہ بلوچستان، سعودی عرب، ترکیہ دفاعی معاہدہ اسلام آباد میں ہونا تھا تحفظات اور اعتراضات کا ازالہ ہوجائے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم بلوچستان، خیبر پختونخوا اور آزاد کشمیر کی صورتحال پر بلاتاخیر قومی کانفرنس بلائیں۔ بیان میں لیاقت بلوچ نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب ترکیہ کے وزرا خارجہ کا کہ دفاعی معاہدہ پر وضاحتی بیان اچھا ہے، پاکستان